اُردو (لازمی) (پہلا گروپ) 422 (انٹرمیڈیٹ پارٹ II، کلاس 12th) پرچہ II

وقت: 2:40 گھنٹے (انشائی طرز) مارکس: 80

## حصّہ اول

2 - (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ (8+1+1=10)

ہر اِک ذرّہ فضا کا داستاں اُس کی سُناتا ہے ...... ہر اِک جھونکا ہوا کا آ کے دیتا ہے پیام اُس کا
سراپا معصیت میں ہوں، سراپا مغفرت وہ ہے ...... خطا کوشی روش میری، خطا پوشی ہے کام اُس کا

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ (3+3+3+1=10)

بس کہ دُشوار ہے ہر کام کا آساں ہونا ...... آدمی کو بھی مُیسّر نہیں انساں ہونا
وائے دیوانگیٔ شوق کہ ہر دم مُجھ کو ...... آپ جانا اُدھر اور آپ ہی حیراں ہونا
عشرتِ قتل گہِ اہلِ تمنّا مت پوچھ ...... عیدِ نظارہ ہے شمشیر کا عُریاں ہونا

## حصّہ دوم

3 - درج ذیل اقتباسات میں سے کسی ایک کی تشریح بحوالہ سیاق و سباق کیجیے۔ سبق کا عنوان اور مصنّف کا نام بھی لکھیے۔ (10+3+1+1=15)

(الف) زلفن اُلٹے پاؤں دوڑی گئی۔ بجّن کو اِدھر اُدھر دیکھا، کہیں پتا نہ تھا۔ مزاج دار سے آ کر کہا: ''بی بجّن کا تو کہیں پتا نہیں۔ میں بازار تک دیکھ آئی۔ اتنی دیر میں نہیں معلوم کہاں غائب ہوگئی۔'' یہ سن کر مزاج دار سر پیٹنے لگی: ''ہائے! میں لٹ گئی! ہائے! میں لٹ گئی! ارے لوگو! خدا کے لیے دوڑیو۔''

(ب) ان کا ایک اور کارنامہ جو نہایت قابلِ قدر ہے، سلاطینِ بنی اُمیّہ کی ناجائز کار روائیوں کا مٹانا تھا۔ سلاطینِ بنی اُمیّہ نے ملک کا بڑا حصہ، جو زمینداری کی حیثیت سے رعایا کے قبضے میں تھا، اپنے خاندان کے ممبروں کو جاگیر میں دے دیا تھا۔ جس طرح سلاطینِ تیموریہ کے زمانے میں بڑے بڑے صوبے شہزادوں کی جاگیر میں دے دیے جاتے تھے۔

4 - درج ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنّف کا نام بھی تحریر کیجیے۔ (9+1 =10)

(i) پہلی فتح (ii) مولوی نذیر احمد دہلوی

5 - اسرار الحق مجاز کی نظم '' نوجوان سے خطاب '' کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ (5)

6 - درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مفصّل مضمون تحریر کیجیے۔ (20)

(i) اُردو زبان : ضرورت و اہمیت۔
(ii) ماحولیاتی آلودگی۔
(iii) عمل سے زندگی بنتی ہے جنّت بھی جہنم بھی۔

7 - اپنے دوست کے نام خط لکھ کر ایک تاریخی مقام کی سیر کا احوال بیان کیجیے۔ (10)

303-422-83000